




Posted at: Nov 30 2021 4:12PM

# Two MANUU films selected for International Science Film Festival

Hyderabad, Nov 30 (UNI) Two films produced by Maulana Azad National Urdu University (MANUU), Instructional Media Centre (IMC) have been selected for the International Science Film Festival 2021.

According to Mr Rizwan Ahamd, Director, IMC, the film “Transforming India : A Documentary of Bio-Fertilizers” is directed by Mr M Mohammad Ghouse and Mr Obaidullah Raihan is the director of the second film “Kachre se Tawanayi : Energy from Waste”.

Mr Vigyan Prasar, Department of Science & Technology, Government of India has shortlisted the films in the top 15 films received from around the world.

Prior to this selection, the film ‘Transforming India’ was also in the list of National Selections at the 5th National Film Festival organised by National Institute of Rural Development and Panchayati Raj, Ministry of Rural Development, Government of India.

Prof Syed Ainul Hasan, Vice-Chancellor, congratulated the IMC team and said that the fruits gained is indeed a result of hardwork of the centre.

Mr Rizwan Ahamd, elated with the achievement thanked Vigyan Prasar, for recognizing the efforts of the dedicated team of the media centre. This surely will put the centre and MANUU on the global map, he added.

Media Centre’s recently launched four digital initiatives - Urdu Nama, E-content platform, Shaheen-e-Urdu and Educational News Bulletin and are fast gaining popularity among the Urdu lovers on social media platforms, a MANUU release here said on Tuesday.

UNI VV CS 1612

Tags: #Two MANUU films selected for International Science Film Festival

## UNI Photo



VIJAYAWADA, NOV 30 (UNI):- Andhra Pradesh Chief Minister Y S Jagan Mohan Reddy interact with students after transfar money for fee reimbursement under Jaganna

## Other Links

**UNIVARTA (News Agency)**
Indian News Agency

**UNI-Urdu Service(News Agency)**
Indian News Agency

**Newswrap**

**Newswrap1**

## More News

### Motor Vehicle Inspector sentenced to undergo RI for three years in ACB case

30 Nov 2021 | 11:53 PM

Hyderabad, Nov 30 (UNI) The Principal Special Judge for SPE & ACB Cases, here on Monday pronounced the Judgment and convicted and sentenced to undergo a rigorous imprisonment (RI) for three years the Accused Officer Mahender Singh, the then Motor Vehicle Inspector, RTA, Malakpet in ACB trap case.

see more..

### Popular Telugu film lyricist Sirivennala is nor more

30 Nov 2021 | 11:42 PM

Hyderabad, Nov 30 (UNI) Well-known Telugu film lyricist Sirivennela Sitaram Sastri died at a hospital in Secunderabad on Tuesday evening. He was 66.

see more..

### Telangana Governor expresses shock on the demise of Telugu film lyricist Sririvennala Sitarama Shastri

30 Nov 2021 | 11:25 PM

Hyderabad, Nov 19 (UNI) Telangana Governor Dr Tamilisai Soundararajan has expressed deep shock and anguish at the demise of Telugu film lyricist Sirivennela Sitarama Shastri.

see more..

### AP Guv, CM condole death of famous Telugu lyricist Seetharama Sastry

30 Nov 2021 | 11:19 PM

Vijayawada, Nov 30 (UNI) Andhra Pradesh Governor Biswa Bhusan Harichandan and Chief Minister Y S Jagan Mohan Reddy condoled the death of noted Telugu film lyricist Sirivennela Seetharama Sastry.

صحافی دکن
SAHAFI-E-DECCAN DAILY HYDERABAD
30 نومبر 2021

# فارغ التحصیل طلبہ، یونیورسٹی کے لیے ایک گراں قدر سرمایہ

## اردو یونیورسٹی میں المنائی سمینار کا انعقاد۔ پروفیسر سید عین الحسن و دیگر کی مخاطبت




حیدرآباد، 29 نومبر (پریس نوٹ) کسی بھی یونیورسٹی کے لیے اس کے فارغین ایک بہت قیمتی اثاثہ ہوتے ہیں اردو یونیورسٹی بھی اپنے فارغ التحصیل طلبہ کے تعاون کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے کیا۔ وہ ہفتہ کے دن ڈین المنائی افیئرس اردو یونیورسٹی کے زیر اہتمام منعقدہ سمینار میں صدارتی خطبہ دے رہے تھے۔ "اردو زبان میں تعلیم ہماری کامیابی کا راز" کے موضوع پر سمینار کا انعقاد عمل میں آیا۔ پروفیسر سید عین الحسن نے مانو المنائی اسوسی ایشن کے تعاون سے منعقدہ اس سمینار کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی فارغین کا بڑے پیمانے پر مختلف سرکاری و غیر سرکاری اداروں میں تقرر اردو ذریعہ تعلیم کی کامیابی کا ثبوت ہے۔ وہ حکومت ہند کے اسکل ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت اردو یونیورسٹی میں زیر تعلیم لڑکیوں کو ٹیلرنگ اور بیوٹیشن جیسے ہنر سے بھی آراستہ کرنا چاہتے ہیں تا کہ طالبات ہر فن مولا بنیں۔ وائس چانسلر نے فارغین جامعہ پر زور دیا کہ وہ المنائی میٹ کا انتظار نہ کریں بلکہ اپنے شعبہ اور جامعہ کی ترقی کو یقینی بنانے کے لیے وقتاً فوقتاً اپنے مادر علمی سے رجوع ہو کر مفید مشوروں سے نوازتے رہیں۔ اس موقع پر انہوں نے موضوع کے مطابق اشعار بھی سنائے۔ پرو وائس چانسلر پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ نے بھی سمینار میں کو مخاطب کیا۔ انہوں نے کہا کہ اردو یونیورسٹی کے فارغین کے تعاون کو وہ بھی قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ انہوں نے المنائی اسوسی ایشن سے گزارش کی کہ وہ اپنی مادر علمی سے جڑے رہیں اور وقتاً فوقتاً اپنے زرین مشوروں سے نوازتے رہیں۔

پروفیسر صدیقی محمد محمود رجسٹرار انچارج نے فارغین جامعہ پر زور دیا کہ آج کے دور میں عصری زبانوں یا مارکٹ کی زبانوں سے واقفیت بے حد ضروری ہے۔ ساتھ ہی انہوں نے وضاحت کی کہ اردو زبان سے حصول تعلیم طلبہ کے لیے کسی طرح کی رکاوٹ نہیں ہے بلکہ آگے بڑھنے کا ایک بہترین زینہ ہے۔ ابتداء میں ڈین المنائی افیئرس پروفیسر نجم الحسن نے خیر مقدمی کلمات کہے اور مانو المنائی اسوسی ایشن کے تعاون سے منعقدہ سمینار کے اغراض و مقاصد بیان کیے۔ انہوں نے کہا کہ اردو یونیورسٹی کے فارغین کا تعاون چاہے کتنا ہی چھوٹا کیوں نہ ہو بڑی اہمیت رکھتا ہے اور خود NAAC کی جانب سے اس بات کی نشاندہی کی گئی ہے۔ پروفیسر شمیم فاطمہ، ڈین اکیڈیمکس نے بھی پروفیسر نجم الحسن کو سمینار کے انعقاد کے لیے مبارکباد دی اور کہا کہ کسی بھی یونیورسٹی کی ترقی کے لیے وہاں کے فارغین کا تعاون ناگزیر ہے اور اردو یونیورسٹی اپنے فارغین کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ سمینار میں یونیورسٹی کے متعدد طلبائے قدیم نے اپنے تاثرات، مقالات کی شکل میں پیش کیے۔ پروفیسر سید نجم الحسن نے تمام مقالات کو کتابی شکل میں شائع کرنے کا اعلان کیا۔ سمینار کے کوآرڈینیٹر جناب محمد مصطفیٰ علی سروری، اسوسی ایٹ پروفیسر، شعبۂ ترسیل عامہ و صحافت کے علاوہ اعجاز علی قریشی، صدر مانو المنائی اسوسی ایشن بھی شہ نشین پر موجود تھے۔ آخر میں اعجاز علی قریشی نے شکریہ کے فرائض انجام دیے۔ سمینار کے آغاز میں ڈاکٹر عبد العلیم، اسسٹنٹ پروفیسر ڈی ڈی ای نے قرأت کلام کی سعادت حاصل کی جبکہ ڈاکٹر جرار احمد، اسسٹنٹ پروفیسر تعلیم و تربیت نے نظامت کی۔

آداب تلنگانہ
AADAB TELANGANA URDU DAILY HYDERABAD
چہارشنبہ۔یکم ڈسمبر 2021ء

# اُردو یونیورسٹی میں ڈاٹا سائنس پر ایف ڈی پی کا اختتام

حیدرآباد، 30/نومبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبۂ کمپیوٹر سائنس و آئی ٹی، اسکول آف ٹیکنالوجی کے زیر اہتمام ڈاٹا سائنس پر ایک ہفتہ طویل فیکلٹی ڈیولپمنٹ پروگرام (FDP) کا انعقاد عمل میں آیا، جسے اے آئی سی ٹی ای، ٹریننگ اینڈ لرننگ اکیڈمی (ATAL) نے اسپانسر کیا۔ 26/نومبر کو اختتام پذیر پروگرام کا افتتاح 22/نومبر کو عمل میں آیا تھا۔ پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، پرووائس چانسلر نے اختتامی اجلاس کی صدارت کی۔ انہوں نے شعبہ کو ایف ڈی پی کے کامیاب انعقاد کے لیے مبارکباد پیش کی اور مستقبل میں مزید پروگراموں کے انعقاد کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ پروفیسر عبدالواحد، ڈین، اسکول آف ٹیکنالوجی و کنوینر ایف ڈی پی نے شرکا کو مشورہ دیا کہ وہ تحقیق سے متعلق سرگرمیوں میں حصہ لیں۔ ڈاکٹر امتیاز حسن، صدر شعبۂ سی ایس و آئی ٹی نے ڈاٹا سائنس کے ابھرتے ہوئے رجحانات پر اپنے خیالات پیش کیے۔ ڈاکٹر پردیپ کمار، ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ سی ایس اینڈ آئی ٹی و کوآرڈینیٹر نے بتایا کہ جملہ 200 افراد نے ایف ڈی پی میں رجسٹر کیا تھا۔ محترمہ تنگا اروندھتی، اسسٹنٹ پروفیسر نے شکریہ ادا کیا۔ ابتداء میں پروفیسر او پی سانگوان، پروفیسر سی ایس ای، و ڈائرکٹر فاصلاتی تعلیم، گرو جامبیشور یونیورسٹی، ہسار، ہریانہ نے اختتامی اجلاس سے قبل تکنیکی سیشن میں اظہار خیال کرتے ہوئے بڑے پیمانے پر ڈاٹا سیٹ کے لیے بگ ڈاٹا انالیسس کے بارے میں معلومات فراہم کیں۔ ایک اور سیشن میں ڈاکٹر پردیپ کمار نے پائیتھان کے ذریعہ مشینی اکتساب پر روشنی ڈالی۔

Sahafi e Deccan, 01-12-2021

# اردو یونیورسٹی میں ڈاٹا سائنس پر ایف ڈی پی کا اختتام

حیدرآباد، 29/ نومبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبۂ کمپیوٹر سائنس و آئی ٹی، اسکول آف ٹیکنالوجی کے زیر اہتمام ڈاٹا سائنس پر ایک ہفتہ طویل فیکلٹی ڈیولپمنٹ پروگرام (FDP) کا انعقاد عمل میں آیا، جسے اے آئی سی ٹی ای، ٹریننگ اینڈ لرننگ اکیڈیمی (ATAL) نے اسپانسر کیا۔ 26/ نومبر کو اختتام پذیر پروگرام کا افتتاح 22/ نومبر کو عمل میں آیا تھا۔ پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، پرووائس چانسلر نے اختتامی اجلاس کی صدارت کی۔ انہوں نے شعبہ کو ایف ڈی پی کے کامیاب انعقاد کے لیے مبارکباد پیش کی اور مستقبل میں مزید پروگراموں کے انعقاد کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ پروفیسر عبدالواحد، ڈین، اسکول آف ٹیکنالوجی و کنوینر ایف ڈی پی نے شرکا کو مشورہ دیا کہ وہ تحقیق سے متعلق سرگرمیوں میں حصہ لیں۔ ڈاکٹر امتیاز حسن، صدر شعبۂ سی ایس و آئی ٹی نے ڈاٹا سائنس کے ابھرتے ہوئے رجحانات پر اپنے خیالات پیش کیے۔ ڈاکٹر پردیپ کمار، اسوسی ایٹ پروفیسر، شعبۂ سی ایس اینڈ آئی ٹی و کوآرڈینیٹر نے بتایا کہ جملہ 200 افراد نے ایف ڈی پی میں رجسٹر کیا تھا۔ محترمہ ﷺ اروند حق، اسسٹنٹ پروفیسر نے شکریہ ادا کیا۔ ابتداء میں پروفیسر او پی سانگوان، پروفیسر سی ایس ای، وڈائرکٹر فاصلاتی تعلیم، گرو جامبیشور یونیورسٹی، ہسار، ہریانہ نے اختتامی اجلاس سے قبل تکنیکی سیشن میں اظہار خیال کرتے ہوئے بڑے پیمانے پر ڈاٹا سیٹ کے لیے بگ ڈاٹا اینالیسس کے بارے میں معلومات فراہم کیں۔ ایک اور سیشن میں ڈاکٹر پردیپ کمار نے پائیتھان کے ذریعہ مشینی اکتساب پر روشنی ڈالی۔

الحباب
alhubab
بدھ، یکم، دسمبر، 2021

# مانو آئی ایم سی کی تین فلموں کا بین الاقوامی سائنس فلم فیسٹول میں انتخاب

حیدرآباد (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کے انسٹرکشنل میڈیا سنٹر (آئی ایم سی) کی جانب سے تیار کی گئی دو فلمیں، ''ٹرانسفارمنگ انڈیا: حیاتیاتی کھاد پر مبنی ایک دستاویزی فلم'' اور ''کچرے سے توانائی'' جن کی ہدایت بالترتیب جناب ایم محمد غوث اور جناب عبید اللہ ریحان نے دی ہے کو وگیان پرسار، محکمہ سائنس اور ٹکنالوجی، حکومت ہند کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے بین الاقوامی سائنس فلم فیسٹیول 2021 کی 15 بہترین عالمی فلموں میں منتخب کیا گیا ہے۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے آئی ایم سی ٹیم اور ڈائرکٹر جناب رضوان احمد کو ایک اور کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ آئی ایم سی مانو کی کامیابی درحقیقت سخت محنت اور ٹیم ورک کا نتیجہ ہے۔

جناب رضوان احمد، ڈائرکٹر مرکز کے بموجب فلم ''ٹرانسفارمنگ انڈیا'' مرکزی وزارت برائے دیہی ترقیات و پنچایتی راج کے 5 ویں نیشنل فلم فیسٹیول میں بھی منتخب ہوئی تھی۔ انہوں نے کہا ''ہم آئی ایم سی میں مسلسل یہ کوشش کرتے ہیں کہ بہتر سے بہتر تعلیمی مواد دنیا کے سامنے پیش کر سکیں۔ ہماری ان کوششوں کو تسلیم کیا گیا اس کے لیے میں وگیان پرسار، محکمہ سائنس اور ٹیکنالوجی، حکومت ہند کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ یقینی طور پر یہ قدم نہ صرف میڈیا سنٹر بلکہ اردو یونیورسٹی کو عالمی نقشے پر نمایاں کرتا ہے۔'' میڈیا سنٹر کی نئی ڈیجیٹل پیش رفت اپنے آغاز سے ہی سرخیوں میں ہے۔ اس کے چار عصری تصورات پر مبنی پروگرام اردو نامہ، ای کنٹنٹ پلیٹ فارم، شاہین اردو اور تعلیمی خبرنامہ کو عملی جامہ پہنا کر آئی ایم سی قومی و بین الاقوامی سطح پر مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کو نمایاں پہچان دلانے سرگرم عمل ہے۔

رہنمائے دکن

- 1 DEC 2021

## مانو آئی ایم سی کی 3 فلموں کا بین الاقوامی سائنس فلم فیسٹول کیلئے انتخاب

حیدرآباد۔30/نومبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے انسٹرکشنل میڈیا سنٹر (آئی ایم سی) کی جانب سے تیار کی گئی 2 فلمیں، ''ٹرانسفارمنگ انڈیا: حیاتیاتی کھاد پر مبنی ایک دستاویزی فلم'' اور'' کچرے سے توانائی'' جن کی ہدایت بالترتیب ایم محمد غوث اور عبید اللہ ریحان نے دی ہے کو وگیان پرسار، محکمہ سائنس اور ٹکنالوجی، حکومت ہند کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے بین الاقوامی سائنس فلم فیسٹیول 2021 کی 15 بہترین عالمی فلموں میں منتخب کیا گیا ہے۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے آئی ایم سی ٹیم اور ڈائرکٹر رضوان احمد کو ایک اور کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ آئی ایم سی مانو کی کامیابی درحقیقت سخت محنت اور ٹیم ورک کا نتیجہ ہے۔ رضوان احمد، ڈائرکٹر مرکز کے بموجب فلم ''ٹرانسفارمنگ انڈیا'' مرکزی وزارت برائے دیہی ترقیات و پنچایتی راج کے 5ویں نیشنل فلم فیسٹیول میں بھی منتخب ہوئی تھی۔ انہوں نے کہا ''ہم آئی ایم سی میں مسلسل یہ کوشش کرتے ہیں کہ بہتر سے بہتر تعلیمی مواد دنیا کے سامنے پیش کرسکیں۔ ہماری ان کوششوں کو تسلیم کیا گیا اس کے لیے میں وگیان پرسار، محکمہ سائنس اور ٹیکنالوجی، حکومت ہند کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ یقینی طور پر یہ قدم نہ صرف میڈیا سنٹر بلکہ اردو یونیورسٹی کو عالمی نقشے پر نمایاں کرتا ہے۔'' میڈیا سنٹر کی نئی ڈیجیٹل پیش رفت اپنے آغاز سے ہی سرخیوں میں ہے۔ اس کے چار عصری تصورات پر مبنی پروگرام اردو نامہ، ای کنٹنٹ پلیٹ فارم، شاہین اردو اور تعلیمی خبرنامہ کو عملی جامہ پہنا کر آئی ایم سی قومی و بین الاقوامی سطح پر مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کو نمایاں پہچان دلانے سرگرم عمل ہے۔

منصف

## مانو آئی ایم سی کی تین فلموں کا بین الاقوامی سائنس فلم فیسٹول میں انتخاب

حیدرآباد۔ 30/نومبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کے انسٹرکشنل میڈیا سنٹر (آئی ایم سی) کی جانب سے تیار کی گئی دو فلمیں، ٹرانسفارمنگ انڈیا: حیاتیاتی کھاد پر مبنی ایک دستاویزی فلم اور کچرے سے توانائی جن کی ہدایت بالترتیب جناب ایم محمد غوث اور جناب عبید اللہ ریحان نے دی ہے کو وگیان پرسار، محکمہ سائنس اور ٹکنالوجی، حکومت ہند کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے بین الاقوامی سائنس فلم فیسٹیول 2021 کی 15 بہترین عالمی فلموں میں منتخب کیا گیا ہے۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے آئی ایم سی ٹیم اور ڈائرکٹر جناب رضوان احمد کو ایک اور کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ آئی ایم سی مانو کی کامیابی درحقیقت سخت محنت اور ٹیم ورک کا نتیجہ ہے۔ رضوان احمد، ڈائرکٹر مرکز کے بموجب فلم ٹرانسفارمنگ انڈیا مرکزی وزارت برائے دیہی ترقیات و پنچایتی راج کے 5ویں نیشنل فلم فیسٹیول میں بھی منتخب ہوئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ ہم آئی ایم سی میں مسلسل یہ کوشش کرتے ہیں کہ بہتر سے بہتر تعلیمی مواد دنیا کے سامنے پیش کرسکیں۔ ہماری ان کوششوں کو تسلیم کیا گیا اس کے لیے میں وگیان پرسار، محکمہ سائنس اور ٹیکنالوجی، حکومت ہند کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ یقینی طور پر یہ قدم نہ صرف میڈیا سنٹر بلکہ اردو یونیورسٹی کو عالمی نقشے پر نمایاں کرتا ہے۔ میڈیا سنٹر کی نئی ڈیجیٹل پیش رفت اپنے آغاز سے ہی سرخیوں میں ہے۔ اس کے چار عصری تصورات پر مبنی پروگرام اردو نامہ، ای کنٹنٹ پلیٹ فارم، شاہین اردو اور تعلیمی خبرنامہ کو عملی جامہ پہنا کر آئی ایم سی قومی و بین الاقوامی سطح پر مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کو نمایاں پہچان دلانے سرگرم عمل ہے۔

سیاست

## اردو یونیورسٹی کی 3 فلموں کا سائنس فلم فیسٹول کی 15 بہترین فلموں میں انتخاب

حیدرآباد 30/ نومبر، (سیاست نیوز) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی انسٹرکشنل میڈیا سنٹر کی جانب سے تیار کردہ 3 فلموں کو بین الاقوامی سائنس فلم فیسٹول 2021 کی 15 بہترین عالمی فلموں میں منتخب کیا گیا ہے۔ آئی ایم سی کی جانب سے تیار کی گئی دو فلمیں 'ٹرانسفارمنگ انڈیا' حیاتیاتی کھاد پر مبنی دستاویزی فلم اور کچرے سے توانائی کے موضوع پر یہ فلمیں منتخب ہوئی ہیں۔ فلموں کی ہدایت محمد غوث اور عبید اللہ ریحان نے کی ہے۔ مرکزی حکومت کے محکمہ سائنس و ٹکنالوجی اور وگیان پرسار کی جانب سے بین الاقوامی سائنس فلم فیسٹول منعقد کیا گیا۔ وائس چانسلر پروفیسر عین الحسن نے آئی ایم سی ٹیم اور ڈائرکٹر رضوان احمد کو مبارکباد پیش کی۔ رضوان احمد نے بتایا کہ 'ٹرانسفارمنگ انڈیا' فلم مرکزی وزارت برائے دیہی ترقی و پنچایت راج کے پانچویں نیشنل فلم فیسٹول کیلئے بھی منتخب ہوئی تھی۔ میڈیا سنٹر کی 4 مختلف فلمیں قومی اور بین الاقوامی سطح پر پسند کی گئی ہیں۔

راشٹریہ سہارا

## مانو آئی ایم سی کی تین فلموں کا بین الاقوامی سائنس فلم فیسٹول میں انتخاب

حیدرآباد۔(پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کے انسٹرکشنل میڈیا سنٹر (آئی ایم سی) کی جانب سے تیار کی گئی دو فلمیں، ''ٹرانسفارمنگ انڈیا: حیاتیاتی کھاد پر مبنی ایک دستاویزی فلم'' اور'' کچرے سے توانائی'' جن کی ہدایت بالترتیب جناب ایم محمد غوث اور جناب عبید اللہ ریحان نے دی ہے کو وگیان پرسار، محکمہ سائنس اور ٹکنالوجی، حکومت ہند کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے بین الاقوامی سائنس فلم فیسٹیول 2021 کی 15 بہترین عالمی فلموں میں منتخب کیا گیا ہے۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے آئی ایم سی ٹیم اور ڈائرکٹر رضوان احمد کو ایک اور کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ آئی ایم سی مانو کی کامیابی درحقیقت سخت محنت اور ٹیم ورک کا نتیجہ ہے۔ رضوان احمد، ڈائرکٹر مرکز کے بموجب فلم ''ٹرانسفارمنگ انڈیا'' مرکزی وزارت برائے دیہی ترقیات و پنچایتی راج کے 5ویں نیشنل فلم فیسٹیول میں بھی منتخب ہوئی تھی۔ انہوں نے کہا ''ہم آئی ایم سی میں مسلسل یہ کوشش کرتے ہیں کہ بہتر سے بہتر تعلیمی مواد دنیا کے سامنے پیش کرسکیں۔ ہماری ان کوششوں کو تسلیم کیا گیا اس کے لیے میں وگیان پرسار، محکمہ سائنس اور ٹیکنالوجی، حکومت ہند کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ یقینی طور پر یہ قدم نہ صرف میڈیا سنٹر بلکہ مانو کو عالمی نقشے پر نمایاں کرتا ہے۔